ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(265)

12.05.24

**بہاول پور(          )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات، تھانہ ڈیراور پولیس کی شراب ڈیلر کے خلاف کامیاب کارروائی،شراب کی بڑی کھیپ برآمد، بدنام زمانہ شراب سمگلر گرفتار، مقدمہ درج۔منشیات و شراب فروشوں کے خلاف کارروائیوں کومزید تیز کیا جارہاہے،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی طرف سے سماج دشمن عناصر کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ ایس ایچ او تھانہ ڈیراور نے خفیہ انفارمیشن پر سپیشل ٹیم تشکیل دے کر شراب کی بڑی سپلائی ناکام بناتے ہوئے ڈیلر سے بھاری مقدار میں شراب برآمد کرلی۔پولیس نے شراب کے ڈیلر نوید اقبال جو کہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کا رہائشی ہے کو گرفتار کرلیا۔ملزم سے 70 بوتلیں ولائتی شراب اور 100 عدد کپی برآمد کرلیں،ملزم شراب ڈیراور، یزمان ومضافات میں سپلائی کرتا تھا۔پولیس نے گرفتار ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی۔ڈی پی او سرفراز خان نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ڈیراور پولیس نے نوجوان نسل کو بڑی تباہی سے بچالیا۔گرفتار شراب کے ڈیلر کے دیگر نیٹ ورک کو بھی بے نقاب کرتے ہوئے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔بہترین کارکردگی پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے ایس ایچ او تھانہ ڈیراور اوران کی ٹیم کو شاباش دی۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ تھانہ ڈیراور پولیس کی شراب فروش ڈیلر کے خلاف کامیاب کارروائی،ملزم گرفتار، بھاری مقدار میں شراب برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ


پریس ریلیز (266)

12.05.24

## بہاول پور(    )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات کی روشنی میں مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی کے سخت انتظامات،سینکڑوں پولیس افسران واہلکار ڈیوٹی پر تعینات، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے،ڈی پی او اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او اسد سرفراز خان خان کے احکامات کی روشنی  میں اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیئے گئے۔جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران و اہلکار تعینات کیے گئے۔ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی،بعد ازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔ضلع بھر میں قیام امن کو یقینی بنانے کے لئے مختلف مقامات کے علاوہ ضلع کے خارجی اور داخلی راستوں پر جرائم پیشہ افراد کی نقل وحرکت کیلئے موثر سنیپ چیکنگ کا عمل بھی جاری ہے۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ اوز اور پٹرولنگ ڈیوٹی پر مامور افسران اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد گشت کو ہر صورت یقینی بنائیں،کسی بھی مشتبہ اشخاص سے پوچھ گچھ اور اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد رہنے والے غیر متعلقہ افراد پر بھی نظر رکھیں،معاشرتی امن کے لیے بہاولپور میں رہنے والے تمام اقلیتی برادری کی سیکیورٹی کو فول پروف رکھا جائے،غفلت و لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن وامان کے حوالے سے دیگر سیکیورٹی فرائض کے ساتھ عبادت گاہوں میں بھی سیکیورٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں،ایسے مقامات کی سیکیورٹی جہاں پر عوام الناس بھاری تعداد میں جمع ہوں ایسی جگہوں پر امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے،مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر کی مسیحی عبادت گاہوں پر پولیس کے افسران وجوان الرٹ ہو کر ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں